★ حق کی آواز، عوامی ترجمان ★

E PAPER DAILY VOICE OF ASIA LAHORE

چیف ایڈیٹر
ذیشان جمیل بھٹی

بانی: محمد جمیل بھٹی (مرحوم)

چیف ایگزیکٹو: محمد طفیل ٹیپو

روزنامہ

وائس آف ایشیا

ڈپٹی ایڈیٹر
تجمل عباس بھٹی

ڈپٹی نیوز ایڈیٹر
ارشاد احمد شاد

جلد نمبر 01 | جمعۃ المبارک 16 اکتوبر 2026ء 02 کاتک، 04 جمادی الاول 1448ء صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 221

تمباکو نوشی کی روک تھام کے لیے ٹیکس میں اضافے اور صحت سے متعلق انتباہات مؤثر بنانے پر زور

لاہور (وائس آف ایشیا) اورت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام لاہور میں منعقدہ مشاورتی اجلاس میں تمباکو نوشی کی حوصلہ شکنی کے لیے سگریٹ پر ٹیکس بڑھانے اور پیکٹوں پر صحت کے خطرات سے متعلق تصویری انتباہات کو مزید مؤثر بنانے پر زور دیا گیا۔ فور پوائنٹس بائی شیراٹن ہوٹل میں منعقدہ اجلاس میں ارکانِ پارلیمنٹ، سرکاری محکموں کے نمائندوں، ماہرینِ تعلیم، قانون نافذ کرنے والے اداروں، جامعات، میڈیا اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اورت فاؤنڈیشن کی نبیلہ شاہین اور ٹیم لیڈر سید صفدر رضا نے تمباکو کنٹرول کے لیے مشترکہ کوششوں اور مؤثر پالیسی سازی کی اہمیت اجاگر کی۔ کنسلٹنٹ سید ذوالفقار حسین شاہ نے کہا کہ تمباکو مصنوعات پر ٹیکس میں اضافہ اور نمایاں تصویری انتباہات ان کے استعمال میں کمی لانے اور عوام کو صحت کے خطرات سے آگاہ کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے ایڈیشنل ڈائریکٹر ابوذر معظم، جامعہ پنجاب کے شعبہ جینڈر اسٹڈیز کی ڈاکٹر رعنا ملک، محکمہ سماجی بہبود کے میڈیکل سوشل آفیسر سمرائز حفیظ، علی زین اور پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس کے لیفٹیننٹ کرنل مہر فیصل نے بھی تمباکو کے استعمال کی روک تھام میں تعلیمی اداروں، میڈیا، سول سوسائٹی اور متعلقہ سرکاری اداروں کے کردار پر روشنی ڈالی۔ اجلاس میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ تمباکو نوشی کے مضر اثرات سے نوجوانوں اور عام شہریوں کو آگاہ کرنے، مؤثر قانون سازی اور حکومتی اقدامات کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ اور تعاون ضروری ہے۔ شرکاء نے تمباکو کنٹرول کے اقدامات کو مؤثر بنانے کے لیے پارلیمانی عزم، عوامی آگاہی اور مسلسل مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ اورت فاؤنڈیشن نے تمباکو کے استعمال میں کمی اور صحت مند، تمباکو سے پاک پاکستان کے لیے پارلیمنٹ، حکومتی اداروں اور سول سوسائٹی کے ساتھ تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔